© rasailojaraid.com


میں شریک ہوئے، نہ ہی انہوں نے سرکاری طور پر بسنت کی سرپرستی کی۔

۲۰/جنوری ۲۰۰۴ء کو پتنگ بازی پر پابندی اُٹھائی گئی۔ اس کے بعد آنے والے پہلے اتوار (۲۵/جنوری) کو تین ہلاکتیں رپورٹ ہوئیں۔ ۲۰/سالہ ناصر جاوید دھاتی تار والی پتنگ پکڑتے ہوئے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔شاد باغ کا ایک نوجوان علی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کے گلے میں پتنگ کی دھاتی تار پھر گئی۔(جنگ) دریں اثنا فیروز پور روڈ پر ایک موٹر سائیکل سوار سکندر اکرام کی گردن ڈور کی زد میں آکر کٹ گئی۔(نوائے وقت)

❁ حکومتِ پنجاب کو چاہیے کہ وہ شہریوں کی قیمتی جانوں کے تحفظ کے لیے پتنگ بازی پر پابندی اُٹھانے کے فیصلہ پر نظر ثانی کرے۔

بسنت اور پتنگ بازی جیسے جان لیوا شغل پر پابندی عائد ہونی چاہیے، کیونکہ......

① ہندوؤں کے موسمی تہوار بسنت کا بنیادی فلسفہ اسلام کے ثقافتی نصب العین کے منافی ہے۔
② بسنت کے پردے میں پاکستان میں مغربی لبرل ازم کو فروغ دیا جا رہا ہے۔
③ بسنت اور پتنگ بازی کی وجہ سے انسانی جانیں غیر محفوظ ہیں۔
④ پتنگ بازی کی وجہ سے واپڈا جیسے قومی اداروں کو اربوں کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔
⑤ بسنت کا نام نہاد تہوار اسراف وتبذیر اور فضول خرچی کا باعث بنتا ہے۔
⑥ بسنت کے موقع پر ہلڑ بازی اور شور سے سماجی سکون تلپٹ ہوتا ہے۔
⑦ یہ بات تاریخی طور پر ثابت ہے کہ لاہور میں بسنت پنچمی کا میلہ گستاخِ رسول حقیقت رائے دھرمی کی یاد میں شروع ہوا۔مسلمانوں کی دینی حمیت سے بعید ہے کہ وہ اس طرح کے میلے کو منائیں۔ (محمد عطاء اللہ صدیقی)

☆اس جہاد میں شرکت کیلئے ادارہ محدث کا شائع کردہ کتابچہ 'بسنت' دفتر سے منگوا کر تقسیم کریں۔ قیمت ۵ روپے

**افسوس ناک خبر:** علمی وفکری حلقوں میں یہ خبر شدید رنج والم سے پڑھی جائے گی کہ معروف محقق جناب ریاض الحسن نوری ۲۰/جنوری ۲۰۰۴ء کو فوجی ہسپتال، لاہور میں پیٹ کے مختصر آپریشن کے چند دن بعد انتقال کر گئے۔آپ اپنی منفرد کاوشوں اور نادر معلومات کا خزینہ ہونے کی حیثیت سے دینی اور قانونی حلقوں میں غیر معمولی احترام کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ مدیر اعلیٰ اور ادارۂ محدث سے ۳ دہائیوں پر محیط گہرے تعلق میں ان کی سیکڑوں علمی کاوشیں موجود ہیں، جن میں سے متعدد محدث کے صفحات پر شائع بھی ہوچکی ہیں۔ محدث عنقریب ان کی سوانح حیات کے علاوہ علمی کارناموں کی جامع رپورٹ شائع کر رہا ہے۔

اس افسوسناک موقع پر ہم ان کی اہلیہ، بیٹی اور داماد سے تعزیت کرتے ہوئے جناب نوریؒ کی مغفرت اور بلندئ درجات کے لئے قارئین سے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔ (حافظ عبدالرحمن مدنی وادارہ محدث)

www.KitaboSunnat.com